**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## پاکستان تحریک انصاف کی ڈیرہ اسماعیل خان میں تھانے پر دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

شدت پسندوں کے حملے میں 10 پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج اور دکھ کا اظہار

عام انتخابات سے صرف چند روز قبل اس نوعیت کے مسلسل رونما ہوتے واقعات باعثِ تشویش اور زائد المیعاد نگران وفاقی وصوبائی حکومتوں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے،

تمام تر ریاستی مشینری اس وقت سابق وزیراعظم اور ملک کے مقبول ترین قائد عمران خان اور تحریک انصاف کے خلاف بدترین سیاسی انجینئرنگ کی شرمناک کوششوں میں مصروف ہے،

شہریوں کے تحفظ و سلامتی اور امن عامہ کے ذمہ دار اداروں کی واحد ترجیح پرامن سیاسی سرگرمیوں کی راہ روکنا اور نہتے شہریوں کو جعلی مقدموں میں گرفتار کرنا ہے،

غیر آئینی نگران حکومتوں کی ملکی امن عامہ کی صورتحال برقرار رکھنے میں مسلسل ناکامی نگران حکومت کے عزائم اور ترجیحات کو واضح کرتی ہے،

نگران حکومتیں اور ریاستی ادارے تحریک انصاف کو ختم کرنے کے پراجیکٹ سے توجہ ہٹا کر اپنی ترجیحات کا از سر نو تعین کرتے ہوئے شرپسند عناصر کے سدباب کیلئے فوری اور ٹھوس اقدامات کریں، ترجمان تحریک انصاف

پرامن سیاسی اجتماعات سے لے کر شہریوں کی حفاظت پر معمور پولیس اہلکاروں پر دہشت گرد حملے ناقابل برداشت ہیں،

عام انتخابات کا صاف شفاف ماحول میں انعقاد یقینی بناتے ہوئے ملک کی باگ ڈور عوامی مینڈیٹ کی حامل حکومت کے حوالے کی جائے جو اس نوعیت کے پرتشدد واقعات کی روک تھام کیلئے مؤثر حکمت عملی مرتب کر سکے،

متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے اور شہداء کی بلندئ درجات کیلئے دعا گو ہیں،

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ